**20.10.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں فرقان خان
Music

.............................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے وارانسی میں چھ ہزار 700 کروڑ روپئے سے زیادہ کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔
- ☆ وزیر اعظم نے اپنے پارلیمانی حلقے میں آر جے شنکرا آئی اسپتال کا بھی افتتاح کیا۔ انھوں نے کہا کہ سرکار ملک کے حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اگلے پانچ سالوں میں 75 ہزار میڈیکل سیٹوں کا اضافہ کرے گی۔
- ☆ BJP نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے 99 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی ہے۔
- ☆ دلّی پولیس نے آج صبح روہنی میں ہوئے دھماکے کے سلسلے میں FIR درج کی ہے۔
- ☆ محکمہ موسمیات نے کل کرناٹک اور وسطی مہاراشٹر میں تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ سمندری طوفان DANA کے جمعرات کی صبح تک اڈیشہ کے ساحل پر آنے کی توقع ہے۔
- ☆ اور کھیلوں میں، وادیٔ کشمیر کے سری نگر میں اب تک کا پہلا بین الاقوامی میراتھن منعقد ہوا۔
- ☆ اور ہاکی میں، بھارتی مردوں کی جونیئر ٹیم نے ملیشیا میں سلطان آف جوہر کپ کے گروپ اسٹیج میچ میں برطانیہ کو چھ-چار سے شکست دی۔

.............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM Varanasi*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی سے 6 ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ اِن میں مدھیہ پردیش میں Rewa، چھتیس گڑھ میں امبیکا پور اور اترپردیش میں سہارنپور ہوائی اڈوں کا افتتاح شامل ہے، جنہیں علاقائی کنیکٹیوٹی اسکیم اڑان کے تحت تیار کیا گیا ہے۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے اِس بات پر زور دیا کہ تعلیم، ہنر کے فروغ، کھیل کود، حفظانِ صحت، سیاحت اور دیگر شعبوں سے متعلق ترقیاتی پروجیکٹ آج وارانسی کو پیش کیے گئے ہیں، جن سے لوگوں کا نہ

صرف معیار زندگی بہتر ہوگا بلکہ نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

2100- PM Rewa Airport

جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ حکومت نے گزشتہ 10 برس کے دوران ملک میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے ایک بڑی مہم شروع کی ہے تاکہ عوام کیلئے خدمات کو بہتر بنایا جاسکے اور سرمایہ کاری کے ذریعے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ کاشی، ایک ماڈل سٹی ہے، جہاں وراثت کو برقرار رکھتے ہوئے ترقیاتی کام ہو رہے ہیں۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ معاشرے کی ترقی تبھی ہوتی ہے جب اُس کی خواتین اور نوجوانوں کو با اختیار بنایا جائے، وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت نے خواتین کو نئی طاقت دی ہے۔ انہوں نے مُدرا یوجنا جیسی اسکیموں کا ذکر کیا، جن کے تحت کروڑوں خواتین کو اپنا خود کا روزگار شروع کرنے کیلئے قرضوں کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

اِس تقریب میں اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے وارانسی کے عوام کو ترقی کا یہ دیوالی تحفہ پیش کرنے پر وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے مدھیہ پردیش کے Rewa ہوائی اڈے، چھتیس گڑھ کے امبیکاپور میں Maa Mahamaya ہوائی اڈے اور اترپردیش کے سہارنپور میں Sarsawa ہوائی اڈّے کی نئی ٹرمنل عمارتوں کا افتتاح کیا۔ اِن اقدامات سے کنیکٹیوٹی کو بہتر بنانے کے اُن کی حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ وزیر اعظم نے وارانسی میں لال بہادر شاستری بین الاقوامی ہوائی اڈے کے Runway کی توسیع اور ایک نئی ٹرمنل عمارت کی تعمیر کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔

کھیلوں کیلئے اعلیٰ معیار کا بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کے اپنے ویژن کے مطابق وزیر اعظم نے کھیلو انڈیا اسکیم اور اسمارٹ سٹی مشن کے تحت وارانسی اسپورٹس کمپلیکس کی ترقی کے دوسرے اور تیسرے مرحلوں کا افتتاح کیا۔

وزیر اعظم نے سارناتھ میں بودھ مذہب سے متعلق سیاحتی ترقیاتی کاموں کا بھی افتتاح کیا۔ انھوں نے Banasur مندر اور گرودھام مندر میں سیاحتی ترقیاتی کاموں اور پارکوں کی تزئین کاری جیسے دوسرے کئی اقدامات کی بھی شروعات کی۔ اِس سے پہلے دن میں، وزیر اعظم مودی نے وارانسی میں تمل ناڈو کے کانچی کاما کوٹھی پیٹھ کے Jagadaguru سری شنکرا وجیندرا سرسوتی Swamigal کی موجودگی میں آر جے شنکرا آئی اسپتال کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے اعلان کیا کہ سرکار ملک میں حفظانِ صحت کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اگلے پانچ سالوں میں 75 ہزار میڈیکل سیٹ کا اضافہ کرے گی۔

S/B 2100 PM Medical Seats

وزیر اعظم نے حفظانِ صحت سے متعلق مرکزی سرکار کے کئی اقدامات کا ذکر کیا جس سے عوام کو سستا اور مناسب قیمت پر علاج مل رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے دس سالوں میں پروانچل میں ساڑھے پانچ ہزار سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندر قائم کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے مناسب قیمت پر دوائیاں مل رہی ہیں اور اس سے دوائی پر خرچ میں اوسطاً پچیس فیصد کی کمی آئی ہے۔ وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ نئے آئی اسپتال سے بزرگوں اور بچوں دونوں کو فائدہ ہوگا اور شنکر آچاریہ اور سنکرا ٹرسٹ سے اپیل کی کہ وہ بہار میں بھی ایک سینٹر کھولنے پر غور کریں۔

S/B PM Eye Hospital

تقریب کے دوران کانچی شکر آچاریہ نے وزیر اعظم مودی کی ترقیاتی کوششوں کی ستائش کی۔ انھوں نے مرکز کی NDA سرکار کی تعریف کی اور کہا کہ حکمرانی کیلئے یہ ایک رول ماڈل ہے۔ انھوں نے ملک کی ترقی کیلئے وزیر اعظم مودی کی قیادت کی تعریف کی اور NDA کا ایک نیا مفہوم پیش کیا 'نریندر دامودر داس کا انوشاسن'۔ یہ شہریوں کے تحفظ، آسانی اور خودمختاری پر مرکوز حکمرانی کا ایک نمونہ ہے۔

شنکر آچاریہ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت مضبوط قیادت کی وجہ سے ترقی کر رہا ہے۔ انھوں نے وزیراعظم مودی کے تئیں تشکر کا اظہار کیا جو بقول اُن کے خدا کی طرف سے ایک نعمت ہیں۔

انھوں نے ملک کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ساتھ ساتھ سومناتھ اور کیدارناتھ میں بحالی کے کاموں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ثقافتی احیا میں سرکار کی کوششوں کا بھی اعتراف کیا۔x

## BJP Maharashtra

BJP نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے 99 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس ناگپور جنوب مغربی اسمبلی حلقے سے چناؤ لڑیں گے جبکہ مہاراشٹر BJP کے سربراہ چندر شیکھر Bawankule کامٹھی سے پارٹی امیدوار ہوں گے۔ BJP کی مرکزی الیکشن کمیٹی نے امیدواروں کے ناموں کو منظوری دی ہے۔

288 ممبران پر مشتمل ریاستی اسمبلی کے انتخابات ایک ہی مرحلے میں 20 نومبر کو ہوں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے آئی این ڈی آئی اے بلاک کے تحت جھارکھنڈ مکتی مورچہ اور کانگریس 70 سیٹوں پر اپنے امیدوار کھڑے کریں گے جبکہ 11 سیٹیں RJD اور CPIML کو دی گئی ہیں۔x

## Jharkhand Election

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد ریاست کے مختلف حصوں سے غیرقانونی سازوسامان اور تین کروڑ پندرہ لاکھ روپئے سے زیادہ کی رقم ضبط کی گئی ہے۔ چیف انتخابی افسر کے روی کمار نے بتایا کہ حکام کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ اخلاق کے نفاذ پر سختی برتیں۔کمیشن کے رہنما خطوط کے مطابق کسی بھی شخص کو الیکشن کی مدت کے دوران پچاس ہزار روپئے تک ساتھ رکھنے کی اجازت ہے۔ اگر رقم پچاس ہزار روپئے سے زیادہ ہے لیکن دس لاکھ سے کم ہے تو اسے ضبط کرلیا جائے گا۔ ضلع کمشنر کی سربراہی والی کمیٹی اِس بات کا فیصلہ کرے گی کہ یہ رقم صحیح مقاصد کیلئے تھی یا پھر اس کا کوئی اور مقصد تھا۔ دس لاکھ روپئے سے زیادہ کی رقم مزید تفتیش کیلئے انکم ٹیکس محکمے کے سپرد کردی جائے گی۔x

## Delhi Police Explosion

آج صبح قومی راجدھانی کے روہنی علاقے میں مرکزی ریزرو پولیس فورس CRPF کے ایک اسکول کے باہر ہوئے دھماکے کے کیس میں دلّی پولیس نے FIR درج کی ہے۔ پولیس نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ کیس پرشانت وہار پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا ہے اور تفتیش جاری ہے۔ دھماکے کے بارے میں اطلاع ملنے پر دلّی پولیس کی ایک

ٹیم جائے موقع پر پہنچی جہاں اس نے دیکھا کہ اسکول کی دیوار کو نقصان پہنچا ہے۔ دھماکے میں کوئی زخمی نہیں ہوا ہے۔ قومی تفتیشی ایجنسی، قومی سکیورٹی گارڈ سمیت مختلف ایجنسیوں کی ٹیموں نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ اِسی دوران، دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر ونے کمار سکسینہ نے کہا ہے کہ ایک کثیر رُخی تفتیش جاری ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ وہ تفتیش کی پیشرفت پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ جناب سکسینہ نے لوگوں سے بھی اپیل کی کہ وہ مطمئن رہیں۔x

## *Mandaviya eSharam*

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا کل نئی دلّی میں ای-شرم پورٹل کا آغاز کریں گے۔ یہ غیرمنظّم ورکروں کیلئے ایک ہی جگہ حل فراہم کرے گا۔ یہ پلیٹ فارم اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے ایک ثالثی کے طور پر کام کرے گا کہ غیرمنظّم شعبے کے ورکروں کو مختلف سرکاری اسکیموں تک آسان رسائی فراہم ہوسکے۔ اِس کا اصل مقصد ایک واحد پلیٹ فارم پر موثر انداز میں غیرمنظّم ورکروں کیلئے تمام سماجی سکیورٹی اور فلاحی اسکیموں کے مستفیدین کے بارے میں معلومات کو یکجا کرنا ہے۔x

## *AP Badvel Assault Incident*

آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو نے انٹرمیڈیٹ کی ایک طالبہ کی افسوسناک موت پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ Kadapa ضلعے کے Badvel میں ایک نوجوان شخص نے اِس طالبہ کو آگ کے حوالے کردیا، جس کی علاج کے دوران موت ہوگئی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ یہ نہایت افسوس کی بات ہے کہ ایک ہونہار طالبہ اِس طرح کے وحشیانہ عمل کا شکار ہوئی۔ کل سے ہی وزیر اعلیٰ اِس حادثے کو لیکر لگاتار اہلکاروں سے رابطے میں ہیں۔ ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ نے وزیراعلیٰ کو بتایا کہ ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ جناب نائیڈو نے پولیس کو ہدایت دی ہے کہ جلد از جلد تفتیش مکمل کریں اور قصوروار کیلئے سخت سزا کو یقینی بنائیں۔ انھوں نے زور دیا کہ مہلوکہ کے کنبے کو انصاف دلانے کا مطلب اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ قصوروار کو قانون کے مطابق سزا مل گئی ہے۔x

## *IMD Rainfall*

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ مشرقی وسطی خلیج بنگال اور آس پاس کے شمالی انڈومان سمندر میں اگلے 24 گھنٹے کے دوران ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کی توقع ہے۔ امید ہے کہ یہ مغرب، شمال مغرب کی طرف بڑھ کر منگل کی صبح تک، اِس میں اضافے کے ساتھ، بدھ تک ایک سمندری طوفان میں تبدیل ہوجائے گا۔ شمال مغرب کی طرف بڑھنے کے ساتھ 24 اکتوبر کی صبح تک، یہ شمال مغربی خلیج بنگال، اڈیشہ، مغربی بنگال کے ساحلوں تک پہنچ جائے گا۔

IMD نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اگلے چار دنوں تک شمالی خلیج بنگال، اڈیشہ، مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحلوں پر نہ جائیں۔IMD نے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور جنوبی داخلی کرناٹک میں اگلے تین

دنوں کیلئے تیز بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کرناٹک اور وسطی مہاراشٹر کیلئے بھی کل تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Odisha Cyclonic Storm

اڈیشہ، شدید سمندری طوفان 'Dana' کے امکانی اثرات سے نمٹنے کی تیاری کر رہا ہے، جس کے جمعرات کی صبح آنے کا امکان ہے۔ ریاستی سرکار، ساحلی ضلعوں میں رہنے والے لوگوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کی خاطر، جامع اقدامات کر رہی ہے۔ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکومت اور غیر سرکاری ایجنسیوں کے درمیان اشتراک کی کوششوں کے سلسلے میں بھوبنیشور میں اعلیٰ سطح کی میٹنگیں ہوئی ہیں۔ آفات سے نمٹنے والی قومی اتھارٹی اور آفات سے نمٹنے والی اڈیشہ ریاستی اتھارٹی کو انتہائی چوکس کر دیا گیا ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مرتنجے مہاپاترا نے کہا ہے کہ سمندری طوفان، بدھ کو مشرقی وسطی خلیج بنگال کے اوپر بنے گا اور جمعرات کو اڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں میں اثر انداز ہوگا، جس کے زیر اثر 100 سے 120 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلیں گی۔

بدھ کو اڈیشہ کے ساحلی ضلعوں میں شدید بارش کا امکان ہے جبکہ ریاست میں جمعرات اور جمعے کو بہت شدید بارش ہوسکتی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC- Prakash Dash

ساحلی اڈیشہ میں سمندری طوفان آنے کا سلسلہ 1999 سے خطرناک حد تک تیز ہوگیا ہے۔ 1999 کے بعد سے اڈیشہ میں 9 سمندری طوفان آئے ہیں۔ اِن میں سے دو انتہائی تباہ کن تھے۔ 2013 میں Phailin اور 2019 میں Fani۔ اڈیشہ ایک بار پھر شدید سمندری طوفان 'Dana' سے نمٹنے کی تیاری کر رہا ہے، جو اُس کے ساحل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ ریاستی سرکار، ہر سطح پر تیاریاں کر رہی ہے تاکہ ساحلی ضلعوں میں رہنے والے لوگوں کی حفاظت کی جاسکے اور اُنھیں سبھی ضروری اشیاء اور حفظانِ صحت سے متعلق سہولتیں دستیاب کرائی جاسکیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش Dash کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Kashmir Marathon

کشمیر وادی میں آج سرینگر میں پہلے بین الاقوامی میراتھن کا اہتمام کیا گیا۔ جموں کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج صبح Polo View سے میراتھن دوڑ کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ 42 کلو میٹر کی مکمل میراتھن اور 21 کلو میٹر کی ہاف میراتھن میں ملک بھر کے اور 12 بیرونی ملکوں کے سترہ سو افراد نے حصہ لیا۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے میراتھن دوڑ جیتنے والوں کو اعزاز بخشا۔ x

## Hockey Johor CUP

ہاکی میں بھارتی مردوں کی جونیئر ٹیم نے آج ملیشیا میں سلطان آف جوہر کپ کے گروپ اسٹیج کے ایک میچ

میں برطانیہ کو چھ-چار سے ہرا دیا۔ دِل راج سنگھ اور شاردا نند تیواری نے ٹیم کیلئے دو-دو گول کئے، جبکہ محمد کونین DAD اور من میت سنگھ نے ایک-ایک گول کئے۔

برطانیہ کی طرف سے Rory Penrose اور Michael Royden نے دو-دو گول کئے۔

یہ بھارت کیلئے ٹورنامنٹ میں لگاتار دوسری جیت ہے۔ اِس سے پہلے اُس نے کل افتتاحی میچ میں جاپان کو شکست دی تھی۔x

## *Forest Sports Meet Raupur*

27 ویں کُل ہند فاریسٹ اسپورٹس مقابلے، آج رائے پور میں اختتام پذیر ہوگئے۔ چھتیس گڑھ 174 تمغے حاصل کرکے مجموعی طور پر چمپئن بنا۔ کیرالہ 103 تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر، جبکہ مدھیہ پردیش 88 تمغے حاصل کرکے تیسرے مقام پر رہا۔ پانچ روز تک جاری رہنے والے مقابلے میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے تقریباً 3 ہزار کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ 26 کھیلوں میں تقریباً 300 مقابلے ہوئے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆